بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّی عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْم وَعَلٰی عَبْدِہِ الْمَسِیْحِ الْمَوْعُوْد
*Office Of The Sadr Majlis Ansarullah Bharat*
**دفتر صدر مجلس انصار اللہ بھارت**
Mohalla Ahmadiyya Qadian-143516 Dt.Gurdaspur (PUNJAB)
Ph: +91-01872-220186, Fax : +91-01872-224186, Mob. +91-9815016879, E-Mail : ansarullah@qadian.in

# گزشتہ سال جماعت احمدیہ عالمگیر پر ہونے والے اللہ تعالیٰ کے افضال وانعامات کا ایمان افروز تذکرہ

خلاصہ خطبہ جمعہ سیدنا حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرمودہ مورخہ 7 راگست 2020ء بمقام مسجد مبارک، اسلام آباد (برطانیہ)

أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ أَمَّا بَعْدُ فَأَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ۔ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ۔ إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ۔ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ۔ صِرَاطَ الَّذِيْنَ أَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ۔

تشہد،تعوذ اور سورۃ فاتحہ کی تلاوت کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے سورۃ صف کی ان آیات کی تلاوت فرمائی۔ يُرِيْدُوْنَ لِيُطْفِئُوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِأَفْوَاهِهِمْ وَاللّٰهُ مُتِمُّ نُوْرِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ○ هُوَ الَّذِيْٓ أَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ○ (الصّف:9، 10) فرمایا: ان آیات کا ترجمہ ہے : وہ چاہتے ہیں کہ وہ اپنے منہ کی پھونکوں سے اللہ کے نور کو بجھا دیں حالانکہ اللہ ہر حال میں اپنا نور پورا کرنیوالا ہے خواہ کافر ناپسند کریں۔ وہی ہے جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور دین حق کے ساتھ بھیجا تا کہ وہ اسے دین کے ہر شعبہ پر کلیۃً غالب کردے خواہ مشرک برا منائیں۔

حضور انور نے فرمایا: آج 7 راگست ہے اور یہ جماعت احمدیہ یو.کے کے کیلنڈر کے مطابق جلسہ سالانہ یو.کے کا پہلا دن ہے لیکن اس وباء کی وجہ سے جو ساری دنیا میں پھیلی ہوئی ہے اس سال جلسہ سالانہ کا انعقاد نہیں ہو سکا اللہ تعالیٰ جلد حالات معمول پر لائے تا کہ ہم اُسی طرح تمام روایات کے ساتھ جلسہ منعقد کرسکیں۔ بہر حال اس کمی کو ایم.ٹی.اے نے کچھ حد تک پورا کرنے کی کوشش کی ہے۔ پروگرام بنایا ہے کہ گزشتہ سال کے مختلف ملکوں کے جلسہ سالانہ کی تقریروں کو دکھائیں اسی طرح کچھ لائیو پروگرام بھی کریں گے امید ہے کہ یہ انشاء اللہ تعالیٰ احباب جماعت کی دینی اور علمی پیاس بجھانے کے لئے مدد کریں گے۔ اس کے ساتھ ہی مجھے یہ بھی خیال آیا کہ اللہ تعالیٰ کے جو سال کے دوران جماعت پر فضل ہوتے ہیں اس کے لئے بجائے یہ کہ گزشتہ سال کی رپورٹ پیش کی جائے۔ اس سال کی تازہ رپورٹ پیش کروں گا تا کہ احباب جماعت کے لئے ازدیادایمان کا بھی باعث ہو۔ اس لئے میں نے یہ فیصلہ کیا کہ خطبہ جمعہ میں بھی اس رپورٹ کا کچھ حصہ پیش کروں اور پھر کچھ حصہ اتوار کی شام کو یہاں سے براہ راست ہال میں

پروگرام کرکے وہاں سے پیش کیا جائے۔

حضور انور نے فرمایا: اس رپورٹ کے خاص نکات پیش کرنے سے پہلے میں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے وہ ارشادات پیش کروں گا جو ان آیات کی کچھ حد تک وضاحت کرتی ہیں جو میں نے ابھی تلاوت کی ہیں۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام فرماتے ہیں:

تخمیناً عرصہ بیس برس کا گزرا ہے کہ مجھ کو اس قرآنی آیت کا الہام ہوا تھا اور وہ یہ ہے۔

هُوَالَّذِیْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰی وَدِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّیْنِ كُلِّهٖ

وہ خدا جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور سچے دین کے ساتھ بھیجا تا وہ اپنے دین کو تمام دنیا پر غالب کرے اور مجھ کو اس الہام کے یہ معنے سمجھائے گئے تھے کہ میں خدا تعالیٰ کی طرف سے اس لئے بھیجا گیا ہوں کہ تا میرے ہاتھ سے خدا تعالیٰ اِسلام کو تمام دینوں پر غالب کرے۔ اور اِس جگہ یاد رہے کہ یہ قرآن شریف میں ایک عظیم الشان پیشگوئی ہے جس کی نسبت علما محققین کا اتفاق ہے کہ یہ مسیح موعود کے ہاتھ پر پوری ہوگی۔ مجھ کو بتلایا گیا کہ اِس آیت کا مصداق تو ہے اور تیرے ہی ہاتھ سے اور تیرے ہی زمانہ میں دین اسلام کی فوقیت دوسرے دینوں پر ثابت ہوگی۔

حضور انور نے فرمایا: اب میں کچھ رپورٹ کے حصے پیش کرتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل اس سال دنیا بھر میں پاکستان کے علاوہ جو نئی جماعتیں قائم ہوئی ہیں ان کی تعداد 288 ہے اور ان نئی جماعتوں کے علاوہ 1040 نئے مقامات پر پہلی بار احمدیت کا پودا لگا ہے۔ حضور پُرنور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے کونگو کنسا شا، گیمبیا، لائبیریا، فلپائن، سینیگال، گوئٹے مالا سے تعلق رکھنے والے تبلیغی مساعی اور قبول احمدیت کے ایمان افروز واقعات سنائے۔

اس کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے نئی مساجد کی تعمیر اور جماعت کو عطا ہونے والی مساجد کے متعلق فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے ان کی مجموعی تعداد 217 ہے جن میں سے 124 نئی مساجد تعمیر ہوئی ہیں اور 93 بنی بنائی ملی ہیں، دنیا کے بہت سارے ملکوں میں چار براعظموں میں مسجدوں کے بنانے کی توفیق ملی۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے دنیا کے مختلف ممالک میں مساجد کی تعمیر سے متعلق نہایت ایمان افروز واقعات سنائے۔ جس میں ناروے کا واقعہ بھی بہت دلچسپ ہے۔ یہاں جب مسجد بنانے کے منصوبے سے کام کا آغاز کیا گیا تو لوگوں نے مخالفت شروع کردی اور قریب میں واقع چرچ نے بھی مخالفت کی۔ لیکن خدا تعالیٰ کی تقدیر اس طرح غالب آئی کہ وہی چرچ جو ہماری مخالفت کر رہا تھا اس کی انتظامیہ سے اپنا چرچ نہ سنبھالا گیا اور انہوں نے چرچ بیچنے کا فیصلہ کیا اور جماعت نے چرچ کی عمارت بطور مسجد خرید لی گئی۔

اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس سال 97 مشن ہاؤسز کا بھی اضافہ ہوا۔ جماعت احمدیہ کا ایک خصوصی امتیاز وقار عمل ہے۔148 ممالک سے موصولہ رپورٹ کے مطابق 114 ملکوں میں کل اکتالیس ہزار ایک سو گیارہ وقار عمل کئے گئے جن کے ذریعہ 52 لاکھ 13 ہزار یو ایس ڈالرز کی بچت ہوئی ہے۔ اس سے دس مزید مسجدیں بنانے کی اللہ تعالیٰ نے جماعت کو توفیق دے دی۔ اس طرح اللہ تعالیٰ ہمارے پیسے میں بھی برکت ڈالتا ہے۔

رقیم پریس کے ذریعہ سے بھی کام ہو رہا ہے، اس کے ذریعہ تین لاکھ ساٹھ ہزار دو سو چالیس کتب چھپی ہیں۔ قاعدہ یسرنا القرآن کی طرز پر قرآن کریم کی طباعت بھی ہوئی ہے، یہ کام قادیان کی جماعت کے سپرد کیا گیا تھا نظارت اشاعت قادیان نے اس پر بڑا کام کیا ہے۔ الحمدللہ کہ بڑا خوبصورت اور دلکش قرآن کریم ہے رنگین بارڈر ہیں جلد بڑی خوبصورت ہے۔ اس کا قرآن کریم کا فونٹ یسرنا القرآن کے فونٹ پر ڈھالا گیا ہے اور خط منظور اس کا نام رکھا گیا ہے اور یہ جماعت احمدیہ کا خاص خط ہے جو باقی جگہوں پر نہیں ہے اور بڑا آسان ہے پڑھنے میں بھی۔ جتنی ہمارے راستے میں قرآن کریم کی اشاعت کے لئے اور پڑھنے کے لئے اور رکھنے کے لئے روکیں کھڑی کی جارہی ہیں پاکستان میں اللہ تعالیٰ اتنے ہی زیادہ بہتر راستے ہمارے لئے کھولتا چلا جارہا ہے۔

اس وقت دنیا بھر میں انتیس زبانوں میں 94 تعلیمی تربیتی اور معلوماتی مضامین پر مشتمل اخبارات و رسائل شائع ہو رہے ہیں۔ وکالت اشاعت کا ترسیل کا ایک علیحدہ شعبہ ہے یہاں سے چوبیس زبانوں میں ایک لاکھ نوے ہزار سے زائد کتب دنیا کے مختلف ممالک کو بھجوائی گئیں۔ اس کے علاوہ مختلف ممالک میں 709 مختلف عناوین پر مشتمل کتب فولڈرز اور پمفلٹس تریسٹھ لاکھ ستاسی ہزار کی تعداد میں مفت تقسیم کئے گئے۔

حضور انور نے فرمایا: اس سال 111 ممالک میں مجموعی طور پر ترانوے لاکھ ستاون ہزار سے زائد لیف لٹس تقسیم کئے گئے جس کے ذریعہ سے دو کروڑ ستائیس لاکھ افراد تک پیغام پہنچا۔ قرآن مجید اور جماعتی لٹریچر کی نمائشوں کا اہتمام کیا گیا۔ موصولہ رپورٹس کے مطابق سات ہزار پانچ سو چالیس نمائشوں کے ذریعہ تین لاکھ تینتالیس ہزار سے زائد افراد تک اسلام کا پیغام پہنچا۔

دسمبر 2019ء میں شعبہ نور الاسلام بھارت نے بک فیئر میں حصہ لیا اور اس میں وہاں ایک بہت بڑے ہندو سکالر آئے اور چند منٹوں کے بعد قرآن کریم پر اعتراض کر دیا موصوف کو تقریباً دو گھنٹے تک ان کے تمام سوالات اور اعتراضات کے تسلی بخش جوابات دیئے گئے اس پر انہوں نے برملا اظہار کیا کہ میں نے آج تک ایسے تسلی بخش

جوابات نہیں سنے۔ میں اسلام کے متعلق معلومات حاصل کرنے کے لئے بیشمار علماء کے پاس گیا ہوں لیکن علماء میرے سوالات کے اس طرح جواب دیتے تھے کہ میرے اندر اسلام اور قرآن سے ہمدردی کے بجائے نفرت اور زہر بھرتا گیا اور دوستوں کے ساتھ ہم نے یہ فیصلہ کیا کہ اسلام کے خلاف ایک ٹی وی چینل کھولا جائے لیکن اب آپ لوگوں نے میری دنیا ہی بدل دی ہے اور موصوف بہت زیادہ متاثر ہوئے اور جاتے ہوئے وعدہ کر کے گئے کہ میں آج کے بعد اسلام اور قرآن کریم کی مخالفت میں کچھ نہیں کہوں گا۔

آگرہ بک فیئر کے موقع پر لوکل اخبار اگر بھارت کے رپورٹر ہمارے سٹال پہ آئے۔ موصوف نے امت کی حالت زار کا اظہار کیا جس پر انہیں جماعت احمدیہ کے ذریعہ کی جانے والی اسلامی خدمات کے بارے میں بتایا گیا تو بہت متاثر ہوئے اور اس کام میں ہماری ہر قسم کی اعانت کا وعدہ کیا۔ موصوف نے اپنے روابط کے ذریعہ ہمارے پیغام کو دیگر تین نیوز چینل میں بھی نشر کروایا جس کے ذریعہ لاکھوں افراد تک جماعت احمدیہ کا پیغام پہنچا۔

چندی گڑھ میں پیس سمپوزیم کے انعقاد پر ایک افغان دوست عبید اللہ کو حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے بارے میں بتایا گیا تو ان کا چہرہ سرخ ہو گیا کانپنے لگے اور بار بار یہی کہتے رہے کہ کیا یہ سچ ہے کہ مسیح موعود آ گیا؟ اس کے بعد ان کو حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے الفاظ میں آنحضرت ﷺ کی شان بتائی گئی تو بیحد جذباتی ہو کے ہمارے احمدی دوست کے ماتھے کو چوما اور کہا کہ اسلام کی حقیقی تعلیم یہی ہے جو آپ کے ذریعہ دنیا میں پیش کی جارہی ہے۔

حضور انور نے فرمایا: انشاء اللہ تعالیٰ اتوار کو شام 4 بجے مختصر gathring کے سامنے جلسہ کی طرز پر میں بقایا حصہ بھی بیان کر دوں گا جہاں سے ساری دنیا ایم۔ ٹی۔ اے کے ذریعہ سن لے گی اور ان افضال کا جو دوران سال اللہ تعالیٰ نے جماعت پر کئے ان کا ذکر ہو جائے گا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ نَحْمَدُهٗ وَنَسْتَعِيْنُهٗ وَنَسْتَغْفِرُهٗ وَنُؤْمِنُ بِهٖ وَنَتَوَكَّلُ عَلَيْهِ وَنَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَيِّئَاتِ اَعْمَالِنَا مَنْ يَّهْدِهِ اللّٰهُ فَلَا مُضِلَّ لَهٗ وَمَنْ يُّضْلِلْهُ فَلَا هَادِيَ لَهٗ وَنَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَنَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ، عِبَادَ اللّٰهِ رَحِمَكُمُ اللّٰهُ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِيْتَآءِ ذِي الْقُرْبٰى وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ اُذْكُرُوا اللّٰهَ يَذْكُرْكُمْ وَادْعُوْهُ يَسْتَجِبْ لَكُمْ وَلَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ۔

**Khulasa Khutba Juma Huzoor Anwar (aba) 7TH - AUGUST- 2020**

## BOOK POST (PRINTED MATTER)

To ....................................................................................
....................................................................................
....................................................................................
....................................................................................

**From : Office Ansarullah Bharat, Aiwan-e-Ansar**

**Mohalla Ahmadiyya Qadian-143516, Dt.Gurdaspur, PUNJAB**